**14.10.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

..................................................................................

- ☆ سفارتی تنازعات میں بڑھتے ہوئے اضافے کے دوران بھارت نے کنیڈا سے اپنے ہائی کمشنر اور دیگر ایلچیوں کو واپس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اُن کے تحفظ کے تعلق سے کنیڈا کی موجودہ حکومت پر اُسے یقین نہیں رہا ہے۔
- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے الجیریا میں اپنے ہم منصب عبدالمجید تبون کے ساتھ باہمی مذاکرات کیے۔
- ☆ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے جنیوا میں بین پارلیمانی یونین سے خطاب کیا۔ انھوں نے شہریوں سے متعلق ڈاٹا کی پرائیوسی کے تحفظ کیلئے ایک انضباطی نظام کی ضرورت پر زور دیا۔
- ☆ معاشیات کے شعبے میں نوبیل پرائز امریکہ میں مقیم ماہرین اقتصادیات Daron Acemoglu، سائمن جونسن اور جیمس روبنسن کو دیا گیا ہے۔
- ☆ قومی واٹر ایوارڈ 2023 کا اعلان کردیا گیا ہے۔ اڈیشہ کو پہلا انعام ملا ہے۔
- ☆ محکمہ موسمیات نے تمل ناڈو میں جمعرات تک انتہائی تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کیرالہ میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

..................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev. India Canada Diplomats***

بھارت نے کنیڈا کے اپنے ہائی کمشنر اور بہتان کے شکار اُن دیگر سفارتکاروں اور اہلکاروں کو یہ کہہ کر واپس بلانے کا فیصلہ کیا ہے کہ کنیڈا کی موجودہ حکومت کے اُن کے تحفظ کو یقینی بنانے کے عزم کے تعلق سے اُسے یقین نہیں رہا ہے۔ اِسی سے متعلق ایک اور واقعہ یہ ہوا ہے کہ آج شام نئی دلّی میں وزارت خارجہ نے مشرق سے متعلق سکریٹری نے کنیڈا کے Charge d'Affaires کو طلب کیا۔ اُنہیں اطلاع دی گئی کہ کنیڈا میں بھارتی ہائی کمشنر اور دیگر سفارتکاروں اور اہلکاروں پر بے بنیاد بہتان تراشی مکمل طور پر ناقابل قبول ہے۔اِس بات پر تاکید کی گئی کہ انتہا پسندی اور تشدد کے ماحول میں Trudeau حکومت کے اقدامات نے اُن کے تحفظ کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔

یہ بات بھی کہی گئی کہ بھارت Trudeau حکومت کے انتہا پسندی، تشدد اور بھارت کے خلاف علاحدگی کی حمایت کے جواب میں مزید اقدامات اٹھانے کا حق رکھتا ہے۔ اِس سے قبل بھارت نے اِن دعوؤں کو سختی سے مسترد کیا کہ کنیڈا میں بھارتی ہائی کمشنر اور دیگر سفارتکار اُس ملک میں ایک تحقیقات سے متعلق معاملے میں Persons of Interest کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اِس معاملے سے متعلق کنیڈا سے سفارتی خط کے جواب میں امور خارجہ کی وزارت نے اِسے بعید از قیاس الزامات قرار دیا ہے اور اِنہیں Trudeau حکومت کا سیاسی ایجنڈا قرار دیا ہے جو کہ ووٹ بینک کی سیاست کے اِردگرد مرکوز ہے۔x

## *Eve Prez Visit*

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے الجیریا کی راجدھانی Algiers میں ، الجیریا کے صدر عبدالمجید Tebboune کے ساتھ آج باہمی میٹنگیں کیں۔ وہ تین ملکوں کے دورے کے حصے کے طور پر الجیریا میں ہیں۔
بھارت اور الجیریا کے درمیان بین الاقوامی، سیاسی اور اقتصادی سطح کے مختلف امور پر بھی وفد کی سطح کی بات چیت کی گئی۔
ایک رپورٹ ...

VC - Mayusha

باہمی اور وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد المرادیہ محل میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ اُنہیں الجیریا کا دورہ کرنے والے بھارت کے پہلے صدر ہونے پر فخر ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ دونوں ملکوں نے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا اور بھارت، الجیریا کے ساتھ خوشگوار تعلقات کو وسعت دینے کیلئے انتہائی پُرعزم ہے جس میں اُن کے ملک میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری اور کاروبار شامل ہے۔
میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے الجیریا کے صدر عبدالمجید تبون نے کہا کہ تفصیلی میٹنگوں میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ساتھ ہی علاقائی اور بین الاقوامی معاملات جیسے مغربی کنارہ، لبنان، یوکرین، اسرائیل بھی زیرِ غور آئے۔
الجیریا کے صدر نے کہا کہ بھارت اور الجیریا خطوں میں امن کو فروغ دینے کیلئے پُرعزم ہیں۔ مزید یہ کہ دونوں ملک بھارت-الجیریا تعلقات کو مستحکم کرنے کی غرض سے ایک بار پھر جلد ہی مشترکہ مشاورت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ آج شام دیر گئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو الجیریا-بھارت اقتصادی فورم سے خطاب کریں گی۔
الجیریا سے آکاشوانی خبروں کیلئے Mayusha کی رپورٹ کے ساتھ میں

## *OM Birla Geneva IPU*

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، جو 149ویں بین پارلیمانی یونین IPU اسمبلی کیلئے ایک پارلیمانی وفد کی سربراہی کر رہے ہیں، تاکید سے کہا ہے بھارت ہمیشہ سے کثیر سطحیت کا ایک مضبوط حامی رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراعات کے شعبوں میں پارلیمنٹوں کے درمیان مذاکرات اور تعاون سب کے فائدے کیلئے بیحد اہم ہے۔ ٹیکنالوجی کے شعبے اور شہریوں کے اعداد وشمار کی پرائیوسی کے تحفظ کیلئے ایک مناسب انضباطی نظام کی ضرورت پر زور

دیتے ہوئے لوک سبھا اسپیکر نے کہا کہ اِس طرح کے انتہائی اہمیت کے حامل معاملات پر IPU فورم میں اور قومی پارلیمنٹوں میں بھی بحث کئے جانے کی ضرورت ہے۔

جناب برلا نے جنیوا میں بین پارلیمانی اتحاد IPU اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی جس کا موضوع ہے: ''ایک زیادہ پُرامن اور پائیدار مستقبل کیلئے سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراعات کو فروغ دینا''

S/B OM Birla

لوک سبھا اسپیکر نے امید ظاہر کی کہ IPU جیسے فورم کے ذریعے مختلف ملکوں کی پارلیمنٹ مشترکہ ایکشن پلان اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے دنیا میں سب کی شمولیت والی ترقی کی راہ ہموار کرنے کی اہل ہوں گی۔x

## Rev. EVE Jaishankar eMigrate Portal

امور خارجہ کے وزیر ڈاکٹر ایس جے شنکر نے نئی دلّی میں آج e-Migrate V2.0 ویب پورٹل اور موبائل ایپ کا افتتاح کیا۔ یہ بھارتی مائی گرینٹس کیلئے آمد ورفت کے محفوظ اور قانونی راستوں کو فروغ دیتا ہے۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ اِس پورٹل کا افتتاح حکومت کی کوششوں کا گواہ ہے کہ وہ زیادہ محفوظ، زیادہ شفاف اور بھارتی باشندوں کیلئے سب کی شمولیت والی آمد ورفت کا ماحول قائم کرنا چاہتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پورٹل کا نیا ورژن حکومت کے اِس عزم کی ایک علامت ہے کہ وہ غیرملکی سرزمینوں میں بھارتی کارکنوں کے حقوق اور وقار کے تحفظ کی پابند ہے۔ وزیر موصوف نے کہا یہ اِس لئے اہم ہے کیونکہ اُس نے پائیدار ترقیاتی اہداف کیلئے 2030 کے ایجنڈے کے ہدف دس کے ساتھ خود وابستگی بھی اختیار کی ہے جس میں نظام کے تحت، محفوظ، متواتر اور ذمے دار مائیگریشن کی سہولت اور لوگوں کی آمد ورفت کو فروغ دینے کی بات کی گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Suparna Saikia

e-Migrate پورٹل پر دو لاکھ 81 ہزار رجسٹرڈ غیرملکی ملازمین ہیں۔ اس میں دو ہزار 210 بھرتی کرنے والے سرگرم ایجنٹ بھی ہیں۔ اِس پر شکایتوں کو دور کرنے سے متعلق ایک آن لائن نظام بھی پایا جاتا ہے اور ایک ہیلپ لائن 24 گھنٹے ساتوں دن تعاون فراہم کرتی ہے۔ پورٹل پر ایک جدید ترین یوزر Inter Face بھی پایا جاتا ہے اور بر وقت اپنی درخواست کو ٹریک کرنے کا نظام بھی موجود ہے۔e-Migrate پورٹل کے نئے روپ میں جو عناصر شامل ہیں اُن میں بھرتی کرنے والے ایجنڈوں کیلئے ڈیجیٹل رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور e-Migrate پورٹل پر بین الاقوامی ملازمتوں کے مواقع کیلئے پوسٹنگ شامل ہیں۔ یہ ویب پورٹل کئی زبانوں میں ہیں اور فوری جواب مہیا کرتا ہے۔

دلی سے آکاشوانی خبروں کیلئے Suparna Saikia کی رپورٹ کے ساتھ میں ضمیر رضوی

## J&K New Government

جموں وکشمیر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس قانون ساز پارٹی کے لیڈر عمرعبداللہ کو جموں وکشمیر میں نئی حکومت کی تشکیل کی دعوت دی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کی جانب سے حمایت کے خطوط کے بعد

یہ دعوت دی گئی ہے، جس میں ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور جموں وکشمیر پردیش کانگریس کمیٹی، CPIM، عام آدمی پارٹی کے ممبران اور کئی آزاد ممبران اسمبلی شامل ہیں۔ اپنے خط میں جناب سنہا نے عمرعبداللہ کے اتفاق رائے سے منتخب کئے جانے پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور 16 اکتوبر بدھ کے دن صبح ساڑھے گیارہ بجے اُنہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلائے جانے کی تصدیق کی ہے۔x

## MAHA - CM Baba Siddique Case

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اِس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ NCP لیڈر بابا صدیقی کے قتل کے مقدمے کی سنوائی فاسٹ ٹریک کورٹ کے ذریعے کی جائے گی۔ممبئی میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ اِس معاملے میں قصور وار کسی بھی شخص کو بخشا نہیں جائے گا۔

اِس دوران ممبئی پولیس نے اِس معاملے میں تیسرے ملزم Parvin Lonkar کو گرفتار کیا ہے اور اسے کل ممبئی میں حوالے کیا گیا اور آج عدالت کے سامنے پیش کیا گیا۔ اُسے اِس مہینے کی 21 تاریخ تک پولیس تحویل میں ریمانڈ پر بھیج دیا گیا ہے۔ x

## Maha - River Linking Project

مہاراشٹر کی کابینہ نے Damanganga-Ekdare-Godavari کے ساتھ ساتھ Damangang-Vaitarna-Godavari دریا Linking پروجیکٹ کو منظوری دے دی ہے، جس سے شمالی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ خطوں میں پانی کی قلت کی مشکل کو حل کیا جاسکے گا۔ دو دریاؤں کے Linking پروجیکٹوں کی لاگت تقریباً 15 ہزار 710 کروڑ روپے ہے۔ پروجیکٹ کے مکمل ہونے کے بعد 46 ہزار ہیکٹیئر سے زیادہ اراضی کی آبپاشی کیلئے 261 ایم ایل ڈی پانی دستیاب ہوگا۔ x

## Maha - Progressive Convention

سی پی آئی-(ایم) پولت بیورو ممبر ڈاکٹر اشوک Dhawale نے آج کہا ہے کہ آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے اپنی حکمتِ عملیوں کو مستحکم کرنے کیلئے ریاست میں Progressive پارٹیاں بدھ کے روز ناسک میں ایک کنونشن منعقد کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ Peasants and Workers پارٹی، سماج وادی پارٹی، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا مارکسسٹ اور Satyashodhak کمیونٹی پارٹی سمیت مختلف پارٹیوں کے نمائندے ریاستی سطح کے اس کنونشن میں شرکت کریں گے۔ x

## Gadkari Biofuel

سڑک آمد ورفت اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج کہا ہے کہ ملک بھر میں استھنول حیاتی ایندھن کے 400 پمپ قائم کئے جارہے ہیں۔ وہ نئی دلّی میں آج بھارتی صنعت کی کنفیڈریشن کی جانب سے منعقدہ

حیاتی توانائی سمٹ 2024 سے خطاب کر رہے تھے۔ وہاں موجود افراد سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت تین مختلف آٹوموبائل برانڈس کے ذریعے Flex انجن والی گاڑیوں کا افتتاح کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ وزیر موصوف نے Waste کو الگ الگ کرنے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا تاکہ حیاتی ایندھن جیسے CNG، ایتھنول اور دیگر کے علاوہ Methane کی صورت میں اُن کا تحفظ کیا جاسکے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ حیاتی ملک میں اقتصادی اعتبار سے قابل جواز ہے۔x

## Dharmendra India - US Summit

تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ قومی تعلیمی پالیسی کا مقصد شہریوں کو عالمی سطح پر ذمہ دار بنانا اور طلباء میں ویژن تشکیل دینا ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں امریکہ - بھارت اسٹریٹیجک شراکت داری فورم کے ذریعے منعقد India Leader Summit 2024 میں اظہارِ خیال کررہے تھے۔ وزیر موصوف نے ملک میں نئی قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ کے پانچ سال کی ستائش کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت، بھارت میں اپنے کیمپس کھولنے کیلئے یونیورسٹیوں کو مدعو کررہا ہے۔ وزیر موصوف نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ طلباء کو عالمی معیارات سے مطابقت رکھنے والی معیاری تعلیم فراہم کی جانی چاہیئے۔ جناب پردھان نے کہا کہ وزارت ٹیکنالوجی کے ذریعے اب ہنر اور ساتھ ہی ساتھ ہنر کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔انہوں نے ڈگری اور سرٹیفکیٹس کے مقابلے صلاحیتوں کو زیادہ اہمیت دینے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے تصور کو بھی اجاگر کیا۔ x

## Noble Prize Economics

معاشیات میں 2024 کا نوبیل پرائز امریکہ میں مقیم ماہرین اقتصادیات Daron Acemoglu، سائمن جونسن اور جیمس روبنسن کو اُن کی انتہائی اختراعی نوعیت کی اِس تحقیق کیلئے دیا گیا ہے کہ ادارے کس طرح خوشحالی کا باعث ہوتے ہیں۔ سائنس سے متعلق رائل سوئیڈش اکیڈمی نے اقتصادی ترقی کو فروغ دینے، عدم مساوات کو کم کرنے اور قانون کی بالادستی کو بہتر بنانے میں مضبوط سماجی اداروں کے رول کو اجاگر کرنے کے سلسلے میں اُن کے کام کی ستائش کی۔ اِس ایوارڈ کے تحت اُن کی اِس تفہیم سے متعلق خدمات کا اعتراف کیا گیا کہ ادارہ جاتی معیار کس طرح عالمگیر ترقی پر اثر انداز ہوتا ہے۔

اَلفرڈ نوبیل کی یاد میں اقتصادی سائنسز کے شعبے میں Sveriges Riksbank انعام کے طور پر معروف یہ باوقار ایوارڈ اِس برس دیئے جانے والا آخری انعام ہے اور اِس انعام کے تحت ایک کروڑ دس لاکھ سوئیڈش Kronas دیئے جائیں گے جن کی مالیت 11 لاکھ امریکی ڈالر ہوتی ہے۔x

## National Water Awards

پانچویں نیشنل Water ایوارڈز 2023 کا آج نئی دلّی میں اعلان کیا گیا۔ اڈیشہ کو بہترین ریاست کے زمرے میں پہلا انعام دیا گیا ہے، جبکہ اترپردیش کو دوسری پوزیشن حاصل ہوئی ہے۔ گجرات اور پڈوچیری نے مشترکہ

طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اِس مہینے کی 22 تاریخ کو نئی دلّی میں پانچویں نیشنل Water ایوارڈز 2023 عطا کریں گی۔ یہ ایوارڈز 9 زمروں میں مشترکہ فاتحین سمیت کُل 38 انعام حاصل کرنے والوں کو عطا کئے جائیں گے۔ ایوارڈ کے ہر فاتح کو مخصوص زمروں میں ایک توصیف نامہ ، ایک ٹرافی اور ساتھ ہی ساتھ نقد انعام دیا جائے گا۔ x

## Tamilnadu - Rains

شمالی تمل ناڈو میں اِس مہینے کی 17 تاریخ تک چار اضلاع کیلئے موسلادھار بارش کے الرٹ کے تناظر میں وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے آج ریاست میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ نائب وزیر اعلیٰ، چیف سکریٹری، دیگر اعلیٰ اہلکاروں اور ضلع کلکٹروں نے اِس جائزہ میٹنگ میں شرکت کی۔ موسمیات کے علاقائی محکمے نے خلیجِ بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے سبب آج سے اِس مہینے کی 17 تاریخ تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ہوا کا کم دباؤ کا یہ حلقہ جنوبی آندھرا اور شمالی تمل ناڈو کے بیچ بننے کا امکان ہے۔

ایک رپورٹ ...

VC - Joy

چنئی، کانچی پورم، ترو ویلور اور چینگل پٹو کے تعلیمی اداروں میں کل کیلئے چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے اور سمندر کے نزدیک نچلے علاقوں میں رہنے والے لوگوں سے محفوظ Camps کی طرف جانے کیلئے کہا گیا ہے۔ Arakkonam سے NDRF کی دو ٹیموں اور Trinelveli سے چھ ٹیموں کو راحت اور بچاؤ کیلئے کسی قسم کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔

ڈسٹرکٹ کلکٹرس اور مختلف محکموں کے سکریٹریز حالات کی نگرانی کررہے ہیں۔ IT دفتروں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو کل سے اس مہینے کی 18 تاریخ تک گھر سے کام کرنے کا مشورہ دیں۔

میٹرو ریل اور MRTS خدمات سے بھی اپنی Trains کی تعداد میں اضافہ کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔ لوگوں کو آبی ذخائر اور سمندر سے دور رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

ذخیرہ اندوزوں اور کھانے پینے کی اشیاء اور دیگر ضروری ساز و سامان کے دام بڑھانے کے سلسلے میں سخت وارننگ دی گئی ہیں۔ x

## Kerala - IMD Alert

محکمۂ موسمیات IMD نے کیرالہ میں بہت شدید بارش کے امکان کا اشارہ دیتے ہوئےIdukki، Malappuram ، Kozhikode اور Wayanad اضلاع میں آج اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ دیگر چار اضلاع میں دور دور تک شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اشارہ دیا ہے کہ آئندہ دنوں میں بارش میں مزید تیزی آئے گی۔ Malappuram اور کنّور ضلعوں میں کل کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ بدھ کے روز پانچ اضلاع کیلئے، جبکہ جمعرات کو 9 اضلاع کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ x

## SL Budget Proposals

سری لنکا میں حکومت 2025 کی بجٹ تجاویز کی پیشکش کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِسے اِس برس نومبر میں پیش کیا جانا تھا۔ آنے والے پارلیمانی عام انتخابات کی وجہ سے اِسے ملتوی کیا گیا ہے۔ نوتشکیل شدہ حکومت پہلے 2025 کے ابتدائی چار مہینوں کیلئے اخراجات کا احاطہ کرنے کی غرض سے کھاتے سے متعلق ایک ووٹ پیش کرے گی اور پھر اِس کے بعد سال بھر کیلئے مکمل قومی بجٹ پیش کیا جائے گا۔x

## Women ODI Ind-NZ

دوبئی میں اِس مہینے 20 تاریخ کو خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے اختتام کے بعد بھارت ، اِس مہینے کی 24 تاریخ سے 29 تاریخ تک نیوزی لینڈ کے خلاف تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گا۔ یہ میچ احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ x

## Stock Close

ملکی اسٹاک مارکیٹس آج آدھے فیصد سے زیادہ کے منافع کے ساتھ بند ہوئیں۔ بامبے اسٹاک ایکسچینج کا عدد اشاریہ 592 پوائنٹ کے اضافے کے ساتھ 81 ہزار 973 پر اور نفٹی 164 پوائنٹ کے اضافے کے ساتھ 25 ہزار 128 پر بند ہوا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆